# گلدستۂ اخبار

— خواجہ حسن نظامی دہلوی گذشتہ ہفتہ بغرض کار کشمیر قادیان گئے تھے۔

— مرزا محمود خلیفہ قادیان کئی دن شملہ پر رہے۔ وہاں سے بعرض پیچش واپس آئے۔ ۲۴۔ اگست کے الفضل نے بھی ناسازی کی خبر سنا کر دعا صحت کی درخواست کی ہے۔

— ناظرین سے درخواست ہے کہ خلیفہ قادیان کی بیماری میں دعا کریں۔

— کشمیر کے ہنگامہ میں جو مسلمانان ہندوستان نے آل انڈیا کشمیر کمیٹی بنائی ہے اُسکے صدر خلیفہ قادیان بنے ہیں۔

— اخبار زمیندار وغیرہ قادیانی صدارت کے بڑے مخالف ہیں۔

— مولانا عطاء اللہ شاہ بخاری نے دہلی میں ایک تقریر کی ہے کہ ہندوستان کے ہر صوبہ میں ایک ایک امیر شریعت ہونا چاہئیے۔

— افواہ ہے کہ کشمیر میں رہنمایان ملک کو عنقریب دوبارہ گرفتار کیا جائیگا۔

— امرتسر گذشتہ ہفتہ شہر میں ہیضہ کے چند ایک واقعے ہو گئے۔ مگر اب امن ہے۔ میونسپل کمیٹی کے ارکان انسداد کی پوری کوشش کر رہے ہیں۔


## "مرقع" کے شائق توجہ کریں

بارہا توجہ دلائی گئی ہے کہ "مرقع قادیانی" نے آجتک یہ قوت حاصل نہیں کی کہ اپنے پیروں پر کھڑا ہو سکے۔ صاف لفظوں میں یہ ہے کہ مرقع اپنا خرچ پورا نہیں کر سکتا۔ پس شائقین مرقع اپنے اپنے حلقہ اثر میں اس کی اشاعت کر کے ترقی دیں۔ ہر ایک ہمدرد کم سے کم دو خرید ار مہیا کرے۔

(منیجر)


© rasailojaraid.com